زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆ بچوں نے کہا ''الیکشن'' نہ لڑیں، ۸ سال خدمت کی اب کسی اور کو موقع دیں۔ (شوکت عزیز)

اور ہم نے اتنی کمائی کر لی ہے کہ ہماری نسلیں بیٹھ کر کھا سکتی ہیں۔

☆ میں اور صدر پرویز مشرف پرانے دوست ہیں۔ (فیشن ماڈل، ماریہ متین)

بلاتبصرہ!

☆ ہوا سے بجلی بنائی جائے گی۔ (وزیر اعظم یوسف رضا)

ہوا میں گرہ لگائی جائے گی۔

☆ ایم کیو ایم، ججوں کی بحالی میں کردار ادا کر کے ۱۲ رمئی کے واقعات کا داغ دھونا چاہتی ہے۔ (عشرت العباد)

ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

☆ میلہ درویشاں: ملتان میں محفلِ سماع کے دوران دھمال ڈالی جا رہی ہے۔ (ایک تصویر)

اس معاملے کا رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے کسی پہلو سے بھی کوئی تعلق ہے؟

☆ حکمران اپنی ناکامی کا اعتراف کریں تو اُن کی مدد کر سکتے ہیں۔ (مشاہد حسین)

سویا ہوا، سوئے ہوئے کو کیسے جگا سکتا ہے؟

☆ شادی کوئی ضروری معاملہ نہیں، لڑکیاں عروسی جوڑا پہننے کے لیے شادی رچاتی ہیں۔ (سلمان رشدی)

یہ چونکہ چنانچہ کی پہچان ہے
گنہگار راتوں کا دیوان ہیں

☆ ملک بھر میں لوڈ شیڈنگ، واپڈا نے مقتدر شخصیات کے گھروں میں مسلسل بجلی فراہمی کے انتظامات کر دیئے۔ (ایک خبر)

ہم کو تو میسر نہیں مٹی کا دیا بھی
گھر پیر کا بجلی کے چراغوں سے ہے روشن

☆ جامعہ حفصہ کی بچیوں کی میتیں، صدر پرویز مشرف کا پیچھا کرتی رہیں گی۔ (جاوید ہاشمی)

خدا تجھے کسی طوفاں سے آشنا کر دے